کل نمبر:25   اُردو (ہشتم) ٹیسٹ نمبر 1   وقت:30 منٹ

دوسرا مہینہ، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس**: ماہانا ٹیسٹ

(حصہ اوّل)

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (13)

1۔ چھے لاکھ انیس ہزار ایکڑ رقبے پر پھیلا ہوا ہے:

(الف)	نیشنل پارک	(ب)	لال سوہانرا پارک	(ج)	سفاری پارک	(د)	لاہور زو

2۔ پاکستان میں شکار پر پابندی ہے:

(الف)	جھینگا فش کے	(ب)	ٹراؤٹ فش کے	(ج)	وہیل فش کے	(د)	سٹار فش کے

3۔ نیشنل پارک ایک سو نوے کلومیٹر کے فاصلے پر ہے:

(الف)	ملتان سے	(ب)	کوئٹہ سے	(ج)	کراچی سے	(د)	لاہور سے

4۔ چغل خور نے کسان کی بیوی سے بولا:

(الف)	سچ	(ب)	آدھا سچ	(ج)	آدھا جھوٹ	(د)	جھوٹ

5۔ راؤشی ڈب پہلا مقام ہے:

(الف)	وادیِ کمراٹ کا	(ب)	وادی نیلم کا	(ج)	کالا چشمہ کا	(د)	پنج گورہ کا

6۔ اِسم صفت کی اقسام ہیں:

(الف)	تین	(ب)	چار	(ج)	دو	(د)	پانچ

7۔ کمراٹ آبشار چندن منجمد رہتی ہے:

(الف)	موسم گرما میں	(ب)	موسم برسات میں	(ج)	موسم سرما میں	(د)	موسم بہار میں

8۔ درست تلفظ والا لفظ ہے:

(الف)	چ۔ش۔م۔ہ	(ب)	چ۔ش۔مہ	(ج)	چشم۔ہ	(د)	چش۔مہ

9۔ بوٹ ڈب میدان ہے:

(الف)	پیالہ نما	(ب)	گھڑانما	(ج)	ڈبانما	(د)	شکل کا

10۔ ایک وبا کا نام ہے:

(الف)	بخار	(ب)	ملیریا	(ج)	کھانسی	(د)	ذیابیطس

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 11، 12 اور 13 کے جواب دیں۔

یوں تو پورے پاکستان کو ہی اللہ تعالیٰ نے بے پناہ حُسن و جمال اور اعزازات سے نواز رکھا ہے اور بلاشُبہ اس کا چپہ چپہ اس قابل ہے کہ اس کی سیاحت کی جائے لیکن موسم گرما میں لوگوں کو بڑی تعداد بالخصوص وطنِ عزیز کے شمالی علاقہ جات کا رُخ کرتی ہے جہاں مئی سے ستمبر تک موسم سیاحتی سرگرمیوں کے لیے موزوں ترین سمجھا جاتا ہے ان علاقوں میں مری، گلیات، ہنزہ، کالام، سوات اور مالم جبہ وغیرہ تو سالہاسال سے پاکستان کے مقبول اور پسندیدہ سیاحتی مقامات میں شامل ہیں ہی مگر اب حکومت اور نجی شعبہ جات ان روایتی سیاحتی مقامات کے علاوہ کچھ دیگر غیر معروف مقامات پر بھی سڑکیں، ہوٹلز اور سیاحوں کی سہولت و دل چسپی کے لیے دیگر تعمیرات واقدامات میں تیزی سے مشغول ہیں تاکہ ملک میں سیاحت کو فروغ ملے اور دنیا کو پتا چلے کہ ہمارا پیارا پاکستان بلاشُبہ زمین پر جنت سے کم نہیں ہے تو آیئے! پاکستان کے چند ایسے ہی دل کش اور ترقی پذیر مگر قدرے غیر مقبول سیاحتی مقامات کی سیر کرتے ہیں۔

11۔ یہ پیراگراف درج ذیل سبق سے لیا گیا ہے:

(الف)	تبسم کے پھول	(ب)	قدرتی آفات	(ج)	مناظرِ پاکستان	(د)	چغل خور

12۔ پاکستان کا مقبول اور پسندیدہ سیاحتی مقام ہے:

(الف)	کالام	(ب)	ہنزہ	(ج)	مالم جبہ	(د)	الف، ب اور ج تمام

13۔ تعمیرات واقدامات قواعد کی رُو سے مرکب ہے:

(الف)	عطفی	(ب)	عددی	(ج)	اضافی	(د)	جاری

حصہ دوم اور سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا۔ تمام سوالات لازمی ہیں ہر سوال کے 6 نمبر ہوں گے۔ (کل نمبر 12)

(حصہ دوم)

سوال نمبر 1۔ کرکٹ میچ کا آنکھوں دیکھا حال

سوال نمبر 2۔ نیشنل پارک سے کیا مُراد ہے۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر 1۔ امتحان مین شان دار کامیابی پر چھوٹی بہن کے نام خط لکھیں۔

سوال نمبر 2۔ منی آرڈر کی گم شدگی کی شکایت کے لیے پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام خط لکھیں۔